صوبائی کیپیٹل سٹی ڈریسڈن
محکمہ سماجی فلاح و بہبود

Dresden.

پناہ گزینوں کے لیے روز گار کے مواقع

پناہ گزینوں کے وظیفہ کے قانون (AsylbLG) کی شق 5 کے مطابق اقدامات

پناہ گزینوں کے لیےملازمت کا مواقع کیا ہیں؟
پناہ گزینوں کے لیے ملازمت کے یہ مواقع اضافی طور پر،غیر منافع بخش اور عوامی دلچسپی کے اقدامات یا پیشکش ہیں۔ اس کے علاوہ اس کا مطلب ہے کہ ان شریک افراد نے وہ کام سر انجام دینا ہے، جو کہ دوسری صورت میں نہیں ہو سکتا، یااس حد تک نہیں یا اس وقت تک نہیں کیا جاسکے گا۔

کم مقدارکے کام کی اس پیشکش کے طور پر یہ روزگار کا کام پہلے پہل اپنے آپ کو اس ثقافت میں گھل مل جانے کی خاطر ہے۔ یہ کام تفریحی اور کھیلوں کے مقامات پر، یادگاروں کے تحفظ میں، زمین کی تذئین اور نیچر کے تحفظ میں، ورکشاپس میں (مثال کے طور پر سلائی میں یا فرنیچر کی تیاری میں) سماجی شعبہ جات میں اور ثقافتی اداروں میں ممکن ہیں ۔

ایسے کام کے دوران ملازمت کی حقیقی حالت نہیں ہو گی اور نہ ہی اس سے کوئی لازمی سوشل سیکورٹی والی جاب کی صورت حال ہو گی۔ یہ ملازمت کے مواقع نہ تو عام روزگار کے پیشہ ورانہ کام سے روکتے ہیں اور نہ ہی اس سے ہٹاتے ہیں۔

کون اس میں شریک ہو سکتا ہے؟
پناہ گزینوں کے وظیفہ کے قانون(AsylbLG) کی شق 1 جملہ 1 کے مطابق وظیفہ لینے والے سب لوگوں کے لیے ملازمت کے مواقع موجود ہیں۔ ان افراد کو جسمانی اور ذہنی طور پر اس قابل ہونا چاہیے تاکہ وہ یہ ملازمتیں انجام دے سکیں۔صرف وہی افراد کامیابی سے شرکت کر سکتے ہیں ، جو بیمار نہ ہوں، اور وہ ہر روز کم از کم تین گھنٹے تک کام کر سکتے ہوں۔ جوبھی اسکول میں داخل ہوں پیشہ ورانہ کام کی تیاری میں ہوں یا پیشہ ورانہ تربیت میں ہوں، انہیں اس میں شرکت کی اجازت نہیں۔ ان ملازمت کے مواقع میں جرمنی میں آنے والے پہلے ہی دن سے فوری طور پر ہر فرد شریک ہو سکتا ہے۔ اس کے لیے کسی قسم کی کام کی اجازت درکار نہیں ہے۔

کسی فرد کی شرکت کے بارے میں کون فیصلہ کرتا ہے؟
محکمہ سماجی فلاح و بہبود، شعبہ مہاجرین اس کی جانچ پڑتال کرتا ہے کہ کیا یہ فرد شرکت کی شرائط کو پورا کرتا ہے۔ شرکاء کو محکمہ سماجی فلاح و بہبود اس کام کے سرانجام دینے کے لیے خطوط سے مطلع کرتا ہے۔

کیا اس کام کے لیے ایک معاوضہ دیا جاتا ہے؟
جی ہاں، شرکاء کو کام کے ہر ایک گھنٹہ کے لیے 0,80 یورو معاوضہ کے طور پر دیے جائیں گے۔ اگر وہ بغیر کسی مناسب عذر کے اس کام کے کرنے سے دور رہیں گے تو ان کے ملنے والے وظیفہ سے کٹوتی کی جائے گی (وظیفہ کے قانون کے کی شق 5 جملہ 4)۔

یہ کام کا موقع کب ختم ہو جاتا ہے؟
ابتدائی طور پر یہ کام چھ ماہ کے لیے دیا جاتا ہے۔اس کے بعد محکمہ سماجی فلاح و بہبود اس میں شرکت کی توسیع کے بار ے میں فیصلہ کرتا ہے۔ یہ کسی بھی صورت میں روزگار یا تربیت کے آغاز اور قانون(AsylbLG)وظیفہ کے کے مطابق وظیفہ کے خاتمے کے ساتھ ختم ہو جاتا ہے۔

کام کے لیے اوقات کیا ہیں؟
یہ ملازمت کے مواقع جزوی وقت کے کام کے ہوتے ہیں۔ ہفتہ وار کام کرنے والے گھنٹے عام طور پر 25 گھنٹے کے لیے ہوتے ہیں۔

مجھے مذید براں معلومات کہاں سے مل سکتی ہے؟
اگر آپ ان ملازمت کے مواقع میں حصہ لینے میں دلچسپی رکھتے ہیں تو براہ کرم متعلقہ پناہ گزینوں کے سماجی کام کے کارکن یا وظیفہ دینے والے معاملہ کے آفیسر سے رابطہ کریں۔ کام کی خالی آسامیوں کے بارے میں معلومات علاقائی رابطہ کاروں سے بھی مل سکتی ہیں۔
رابطہ کے لیے ویب سائٹ:
www.dresden.de/asyl>Flüchtlingssozialarbeit

منجانب

پبلشر
صوبائی کیپیٹل سٹی ڈریسڈن

محکمہ سماجی فلاح و بہبود

فون نمبر: (0351) 4 88 48 61

ای میل ایڈریس: sozialamt@dresden.de

ایڈیٹنگ : Ibolya Kovács, Teresa Schwarze

18 ستمبر 2016

پوسٹ بکس 20 00 12
ڈریسڈن 01001
www.dresden.de

محکمہ جات کا مرکزی نمبر115-ہم سوالات پرخوش ہوتے ہیں